CAREERINDIA

**SET-4**

**Series : GBM/C**

کوڈ نمبر
**Code No. 256**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- براہ کرم چیک کیجیے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات **4** ہیں۔
- سوال کے پرچہ کی داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجیے کہ سوال کے پرچہ میں **28** سوال ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **28** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# نفسیات (نظریہ)

# PSYCHOLOGY (Theory)

وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : **3** hours*

کُل نمبر : 70
*Maximum marks : **70***

**عام ہدایات :**

*(i)* سبھی سوال لازمی ہیں۔

*(ii)* ہر سوال کے نمبر اُس کے مقابل درج ہیں۔

*(iii)* جواب مختصر اور سوال کے مطابق ہونا چاہیے۔

*(iv)* حِصّہ - **A** میں **10** سوال لرننگ چیک (بہت مختصرالجواب قسم) کے ہیں۔ ہر سوال **1** نمبر کا ہے۔ آپ کو دی گئی ہدایت کے مطابق جواب دینا ہے۔

*(v)* سوال نمبر **11** سے **16** حِصّہ - **B** میں بہت مختصرالجواب قِسم کے ہیں۔ ہر ایک سوال **2** نمبر کا ہے۔ ان میں کِسی سوال کا جواب **30** الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہئے۔

www.careerindia.com

(vi) سوال نمبر 17 سے 20 حِصّہ - C میں مختصرالجواب قسم-I ہیں۔ ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔ ان میں کسی سوال کا جواب 60 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیئے۔

(vii) سوال نمبر 21 سے 26 تک حِصّہ - D میں مختصرالجواب قسم-II ہیں۔ ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے۔ اِن میں سے کِسی سوال کا جواب 100 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیئے۔

(viii) سوال نمبر 27 اور 28 حِصّہ - E میں طویل الجواب ہیں اور ہر ایک سوال 6 نمبر کا ہے۔ کِسی سوال کا جواب 200 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیئے۔

**حِصّہ – A** **1 × 10 = 10**

1. اگر ایک آدمی دوسرے لوگوں کی تحریکات، احساسات اور کرداروں کی تفہیم (سمجھنے) کی مہارت رکھتا ہے، وہ کہلاتی ہے
   (a) بین شخصی ذہانت (b) درون شخصی ذہانت
   (c) لسانی ذہانت (d) سماجی ذہانت

2. خود اپنے بارے میں اپنی قدر کا فیصلہ کرنا ________ کہلاتا ہے۔

3. جسمانی، جذباتی اور نفسیاتی تھکن کی کیفیت ________ کہلاتی ہے۔
   (a) مقابلہ (b) تناؤ
   (c) تھکاوٹ (برن آوٹ) (d) نمٹنا

4. کسی خاص تصور یا موضوع کے بارے میں اسی سوچ پر قابو نہ پانا جبری طرزِ عمل (Compulsive behaviour) کہلاتا ہے۔ (صحیح / غلط)

5. غیر عقلی عقیدہ (false belief) جو اپنی مخالفت کے ثبوت ہونے کے باوجود زندہ رہتا ہے، وہ ________ کہلاتا ہے۔

6. ہم احساس ہونے کے معنی ہیں - دوسروں کے احساسات کو اسی پس منظر میں سمجھنا۔ (صحیح / غلط)

7. اسکیمیں (Schemas) جو کسی فرد یا چیز کی تمام ممکنہ خصوصیات کی شکل میں کام کرتی ہیں، وہ ______ کہلاتی ہیں۔

8. ________ افراد کا ہجوم جو کسی خاص مقصد کے لیے اکٹھا ہو گیا ہو کہلاتا ہے۔

www.careerindia.com

9. ________ زندہ اشیا اور ماحول کے ساتھ تعلقات کا مطالعہ ہے۔

10. مشیرکار/ کونسلر کی وہ صلاحیت جس کے تحت وہ مریض کے جذبات اور ان بیانات پر عکس ڈالتا ہے جسے وہ مختلف الفاظ میں بیان کرتا ہے ________ کہلاتا ہے۔

(a) کوڈ کشائی
(b) ترسیل
(c) سننا
(d) اعادۂ مضمون

**حِصّہ – B** **2 × 6 = 12**

11. خوف (phobia) لفظ کا مطلب بیان کیجیے۔

12. مابعد صدمہ تناؤ و بدنظمی (post-traumatic stress disorder) کیا ہے؟

13. وجودی اندیشہ (existential anxiety) کی وضاحت کیجیے۔

14. پیوستگی (cohensiveness) کو گروپ کی تشکیل کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔

15. بامقصد جارحیت (instrumental aggression) کی وضاحت کیجیے۔

16. طبیعی مشاہدے (naturialistic observation) بیان کیجیے۔

**حِصّہ – C** **3 × 4 = 12**

17. شخصیت کی خاصہ امتیازی وصف کا طرز فکر (trait approach) کی خاص خصوصیات بیان کیجیے۔

18. رویہ (attitude) کے تین عناصر بیان کیجیے۔

19. جارحیت اور تشدد کو کم کرنے کی حکمت عملیاں بیان کیجیے۔

**یا**

بھیڑ بھاڑ قوت برداشت (crowding tolerance) کو بیان کیجیے۔

20. مہارت (skill) لفظ کی وضاحت کیجیے اور صلاح کاری کی مہارتیں بیان کیجیے۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA

4 × 6 = 24 **حصّہ – D**

21. ذہانت پر ثقافت (کلچر) کے اثر کی وضاحت کیجیے۔

22. لفظی، غیر لفظی اور کارگزاری آزمائشوں میں فرق بیان کیجیے۔

23. جسدی انتشار (somatoform disorders) کی کوئی دو قسمیں بیان کیجیے۔

24. فضیاتی تکالیف (psychological distress) کے علاج کے لیے مددگار چار عوامل بیان کیجیے۔

**یا**

نفسیاتی تکالیف (psychological distress) کو انسان مرکزی وجودی علاج (humanistic-existential therapy) کے مطابق بیان کیجیے۔

25. رویہ کے بننے کے عمل (process attitude formation) کی وضاحت کیجیے۔

26. گروہی تقطیب (Group Polarisation) کی وضاحت کیجیے۔

6 × 2 = 12 **حصّہ – E**

27. نفسی حرکاتی نظریہ (psychodynamic approach) شخصیت کے ڈھانچے کو کس طرح بیان کرتا ہے ؟ کوئی دو مشہور خود اپنی رپورٹ کرنے کے طریقے بتائیے۔

**یا**

شخصی انفرادیت (personal identity) کا تصور بیان کیجیے۔ شخصیت کا مطالعہ کرنے کے لیے کرداری طرز فکر (behavioural approach) بیان کیجیے۔

28. کامیابی سے نمٹنے (Coping) کا تصور بیان کیجیے۔ تناؤ سے مقابلہ کرنے یا نمٹنے کی کوئی چار تکنیکیں بیان کیجیے۔

**یا**

سماجی دباؤ بیان کیجیے۔ تناؤ یا دباؤ کے مختلف ذرائع مناسب مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔



www.careerindia.com